یو ایس ڈپارٹمنٹ آف جسٹس
سول رائٹس ڈویژن

# قومی اصل پر مبنی امتیاز کے خلاف فیڈرل تحفظات

[مجریہ اپریل ۲۰۰۱]

# پیش لفظ

فیڈرل قوانین کسی شخص کے ساتھ قومی اصل، نسل، رنگ، مذہب معذوری، جنس، اور عائلی نوعیت پر مبنی امتیاز سے منع کرتے ہیں قومی اصل کے امتیاز سے منع کرنے والے قوانین کسی شخص سے اس کی جائے پیدائش، خاندان، کلچر یا زبان کے باعث امتیاز برتنے کو خلاف قانون قرار دیتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگ اس بنا پر مساوی موقع سے محروم نہیں کئے جا سکتے ہیں کہ وہ یا ان کا خاندان کسی اور ملک سے آئے ہیں، یا یہ کہ ان کا نام یا لہجہ کسی قومی اصل کے گروہ سے مطابقت رکھتا ہے، یا وہ کسی قومی اصل کے گروہ سے منسوب بعض رسوم میں شریک ہوتے ہیں، یا وہ کسی قومی اصل کے گروہ کے زوج یا ساجھی ہیں۔

ڈپارٹمنٹ آف جسٹس کا سول رائٹس ڈویژن متفکر ہے کہ قومی بنیاد کا امتیاز یونائیٹڈ سٹیٹس میں اس وجہ سے مخفی نہ رہے کہ امتیاز کے شکار لوگ اپنے قانونی حقوق سے واقف نہ ہوں، یا یہ کہ وہ گورنمنٹ کو مطلع کرنے سے ڈرتے ہوں۔ اس مسئلہ سے نمٹنے کے لئے سول رائٹس ڈویژن نے ایک نیشنل اوریجن ورکنگ گروپ قائم کیا ہے تا کہ شہریوں اور امیگرنٹ لوگوں کو اپنے قانونی حقوق بہتر طور سمجھنے اور استعمال کرنے میں مدد مل سکے۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ، یا آپ کے کسی واقف کے ساتھ قومی بنیاد پر امتیاز برتا گیا ہے، اور آپ قانونی حقوق استعمال کرنے کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہوں، تو آپ کو یہ رسالہ پڑھنا چاہئے۔

یہ کتابچہ قومی اصل کے امتیاز کو ممنوع قرار دینے والے قوانین سمجھاتا ہے اور کچھ مثالیں فراہم کرتا ہے۔ آپ سول رائٹس ڈویژن اور اس کے شعبوں کے بارے میں انٹرنیٹ http://www.usdoj.gov/crt پر مزید اطلاع حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ امتیاز کی شکایات درج کرانے کے لئے ڈویژن سے رابطہ کر سکتے ہیں جیسے کہ نیچے درج ہے۔

# اپنے قانونی حقوق سے واقف ہونا

ڈپارٹمنٹ آف جسٹس کا سِول رائٹس ڈویژن فیڈرل قوانین نافذ کرتا ہے جو مندرجہ ذیل امور میں امتیاز سے منع کرتے ہیں:

تعلیم

ملازمت

ہاؤسنگ

قرض کی فراہمی

پبلک رہائشی مکان کی فراہمی

نفاذ قانون رپولیس کی بے ضابطگی

ووٹنگ

اس کے علاوہ، ڈویژن ان قوانین کا نفاذ کرتا ہے جو معذوری کی بناء پر امتیاز سے منع کرتے ہیں، ان اشخاص کے شہری حقوق کا تحفظ کرتے ہیں جو کسی سٹیٹ یا مقامی سہولیت میں داخل کئے گئے ہوں، اور ان جرائم کی عدالتی چارہ جوئی کرتے ہیں جو جرم کے شکار شخص کی نسل، رنگ یا قومی اصل کی بنیاد پر وارد ہوئے ہوں۔

بعض حالات میں، ڈویژن تب ہی شامل ہوسکتا ہے جب امتیاز کا عمل "رویہ کے تواتر" کی صورت میں ظاہر ہو۔ "رویہ کے تواتر" سے عموماً یہ مراد ہوتا ہے کہ امتیاز کے ایک سے زیادہ واقعہ ہو چکے ہوں، اور امتیاز برتنے والی کوئی پالیسی یا متواتر چلن موجود ہو۔

# شہری حقوق کی مجرمانہ
# خلاف ورزی

- جنوبی ایشیائی نسل کا ایک جوان کنسرٹ کے بعد نائٹ کلب سے نکل رہا تھا کہ اس پر حملہ ہوتا ہے، حملہ کرنے والا، سکن ہیڈ گروپ کا ممبر، کلب کے پارکنگ لاٹ میں نسلی فقرے کستے ہوئے، اس کو مکوں اور پائپ سے مار مار کر بے ہوش کرتا ہے،

- کو کلکس کلین کی میٹنگ میں ایک کلینی دوسرے ارکان سے کہتا ہے کہ میکسیکن اور پیورٹیو ریکن لوگوں کو "واپس جانا چاہئے جہاں سے وہ آئے ہیں"۔ وہ ایک جوان ہسپانوی جوڑے کے گھر کے سامنے کراس جلا دیتے ہیں تا کہ وہ خوف زدہ ہو جائیں، اور اس بستی سے بھاگ جائیں۔ کراس جلانے سے پہلے مدعا علیہ بندوق دکھاتا ہے اور اپنے ایک ساتھی کو دوسری بندوق دیتا ہے کہ اگر شکار ان کو روکنے کی کوشش کرے۔

- ایک امریکن کمپنی ایک میکسیکن شہر میں مزدور بھرتی کرتی ہے اور ان سے اچھے کام اور زیادہ تنخواہ کا وعدہ کرتی ہے۔ کمپنی میکسیکوں کو خالی ٹینکر ٹرک میں یونائیٹڈ سٹیٹس میں سمگل کرتی ہے۔ جب بالآخر وہ یو ایس پہنچتے ہیں تو مزدوروں کو دھمکایا جاتا ہے، ان سے کہا جاتا ہے کہ اگر وہ فیکٹری سے چلے جانے کی کوشش کریں گے تو وہ مار ڈالے جائیں گے۔

سول رائٹس ڈویژن کا کریمنل سیکشن ان لوگوں کے خلاف مقدمہ چلاتا ہے جن پر کسی شخص کے فیڈرل محفوظ حقوق میں، اس شخص کی قومی اصل کی بنا پر مداخلت کرنے کا الزام ہو۔ ان حقوق میں گھر، ملازمت، تعلیم، یا پبلک سہولیات کا استعمال جیسے معاملات شامل ہیں۔ آپ کریمنل سیکشن سے 514-3204 (202) پر رابطہ کر سکتے ہیں، یا انہیں اس پتہ پر خط لکھ سکتے ہیں:

Criminal Section, P.O BOx 66018,

Washington, D.C. 20035-6018

## معذوروں کے حقوق

- ایک ایچ ایم او جو میڈیکیڈ مریضوں کو داخل کرتا ہے، ایک فالج زدہ امریکن میکسیکن عورت کو اپائنٹ منٹ کے لئے دوسرے دن آنے کے لئے کہتا ہے حالانکہ وہ دوسرے لوگوں کو فوری امداد مہیا کرتا ہے۔

یہ مثال ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہے جو معذوری کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں اور ان قوانین کی بھی جو قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر آپ کی رائے میں آپ کے ساتھ معذوری کی بناء پر امتیاز برتا گیا ہے تو آپ نمبر (800) 514-0301 (Voice) یا (800)-514-0383 (TTY) پر معذوری حقوق سیکشن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ Disability Rights Section, P.O. Box 66738, Washington, D.C. 20035-6738 کو بھی لکھ سکتے ہیں۔

## تعلیم

- ایک بچے کو انگریزی بولنے میں مشکل آرہی ہے، لیکن اس کا سکول اس کو انگریزی اور دوسرے مضامین سیکھنے کے لئے ضروری امداد فراہم نہیں کرتا ہے۔

- ہسپینک اکثریت والا ایک سکول آنرز کلاسیں فراہم نہیں کرتا ہے۔ ڈسٹرکٹ کے دوسرے سکول، جن میں ہسپینک طلبہ زیادہ نہیں ہیں، آنرز اور ایڈوانس پلیسمنٹ، دونوں طرح کی کلاسیں فراہم کرتے ہیں۔

یہ مثالیں اس فیڈرل قانون کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہیں جو کسی شخص کی قومی اصل کی بناء پر تعلیم میں امتیاز کرنے سے منع کرتا ہے۔ ڈویژن کا ایجوکیشنل آپرچونیٹیز سیکشن یہ قوانین ایلیمنٹری اور سیکنڈری سکولوں میں، اور پبلک کالجوں اور یونیورسٹیوں میں نافذ کرتا ہے۔ ایجوکیشن سیکشن کا کام تعلیم کے تمام پہلوؤں میں امتیاز سے نمٹتا ہے جس میں طلبہ کو سکولوں اور کلاسوں میں تعین کرنا، طلبہ کے ٹرانسپورٹیشن، اساتذہ اور انتظامیہ کا انتخاب اور تعین، سکول

کے وسائل کی تقسیم، اور محدود انگریزی بولنے والے طلبہ کو انگریزی سیکھنے میں مدد کرنے کے تعلیمی پروگراموں کی فراہمی شامل ہے۔

شکایت درج کرنے یا مزید انفارمیشن حاصل کرنے کے لئے ، ایجوکیشن سیکشن سے Educational Opportunities Section, پر رابطہ کریں یا انہیں (202) 514-4092 P.O. Box 65958, Washington, D.C. 20035-5958 کے پتہ پر لکھیں۔

## ملازمت

- ایک ٹرانزٹ ورکر کا سپروائزر اس کے خلاف بار بار نسلی فقرے کستا ہے کیونکہ ورکر کا خاندان ایران سے آیا ہے۔ پچھلے ہفتہ مالک نے بلیٹن بورڈ پر ایک نقلی پرچہ چسپاں کر دیا کہ کوئی اس شخص پر بھروسہ نہ کرے کیونکہ یہ تخریب کار ہے۔

- روس سے آئی ایک امیگرنٹ خاتون اکاؤنٹنٹ کی اسامی کے لئے درخواست دیتی ہے، ایمپلائر اس کو اس بناء پر رد کرتا ہے کہ اس کا لہجہ مختلف ہے حالانکہ وہ کام کے تقاضے پورا کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔

- خوراک بنانے والی ایک کمپنی غیر ملکی صورت یا لہجہ والے امیدواروں سے ملازمت کی درخواست پُر کرنے سے پہلے حق ملازمت کے کاغذات طلب کرتا ہے جب کہ ملکی سفید فام امیدواروں کو ملازمت کی درخواست مکمل کرنے سے پہلے ایسی کوئی دستاویز نہیں دکھانا ہوتی ہے۔ مزید، مقامی سفید فام ملازموں کے مقابلہ میں ان نسلوں کے ملازمین کے کاغذات کی زیادہ چھان بین کی جاتی ہے اور ان میں زیادہ تعداد میں رد کئے جاتے ہیں۔

یہ مثالیں اس قانون کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہیں جو ملازم یا امیدوار سے اس کی قومی اصل کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ کہ کوئی آجر ملازم کو اس کی قومی اصل کی بنیاد پر متنبہ، ہراساں، معزول، یا کام یا ترقی سے محروم نہیں کرسکتا ہے۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی ایمپلائر، لیبر تنظیم یا ملازمت دلانے والی ایجنسی نے آپ کے ساتھ قومی اصل کی بناء پر امتیاز برتا ہے تو مندرجہ ذیل سے رابطہ کریں:

ایکول ایمپلائمنٹ آپرچونیٹیز کمیشن

(800) 669-4000

(جن ایمپلائروں کے پاس ۱۵ یا اس سے زیادہ ملازم ہوں)

سپیشل کونسل کا دفتر

(800) 255-7688

P.O. Box 27728, Washington, D.C. 20038-7728

(جن ایمپلائروں کے پاس ۴ سے ۱۴ تک ملازم ہوں)

ایمپلائمنٹ لٹی گیشن سیکشن

(202) 514-3831

P.O. Box 65968, Washington, D.C. 20035-5968

(سٹیٹ یا لوکل گورنمنٹ ایمپلائر جو غیر قانونی امتیاز بہ تواتر اور بطور معمول دکھاتا ہو)

مزید، ایمپلائر فیڈرل قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو سکتا ہے اگر وہ صرف بعض قومی اصل کے لوگوں کے خصوصی ورک آتھرائیزیشن کاغذات جیسے گرین کارڈ طلب کرے، یا ایسے کاغذات رد کرے۔ مزید انفارمیشن یا شکایت درج کرنے کے لئے ڈویژن سپیشل کونسل کے دفتر سے اوپر دیئے گئے پتہ کے ٹول فری نمبر پر رابطہ کریں۔

## ہاؤسنگ

- ہوائین فیملی اپارٹمنٹ ڈھونڈ رہی ہے۔ رینٹل ایجنٹ انہیں کہتا ہے کہ اپارٹمنٹ خالی نہیں ہے، جب کہ اپارٹمنٹ خالی ہیں اور سفید فام لوگوں کو دکھائے جا رہے ہیں۔

- ایک ریئلٹر لاٹینو فیملی کو صرف لاٹینو محلوں میں مکان دکھاتا ہے اور سفید فام آبادی کے محلوں میں مکان دکھانے سے انکار کرتا ہے۔

- یہ مثالیں فیڈرل فیئر ہاؤسنگ ایکٹ کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ قانون ہاؤسنگ کے معاملہ میں قومی اصل، نسل، رنگ، جنس، مذہب، معذوری، یا خانگی صورتِ حال (۱۸ سال سے کم عمر کے بچوں کی موجودگی) کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتا ہے۔ امتیاز کی انفرادی شکایات 669-9777 (800) پر ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ (HUD) کو رپورٹ کرنی چاہیں۔ اگر آپ کے خیال میں رویہ متواتر اور معمول کا ہے تو ڈویژن کے ہاؤسنگ اینڈ سِوِل این فورسمنٹ سیکشن کو 514-4713 (202) پر خبر کریں۔

## قرضہ کی فراہمی

- ایک لاٹینو عورت سے ایک سفید فام مرد سے زیادہ شرح سود اور فیس لی جا رہی ہے جب کی دونوں کی مالی ہسٹری ایک جیسی ہے اور دونوں ایک ہی جیسا لون مانگ رہے ہیں۔

یہ مثال ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہے جو قومی اصل، نسل، رنگ، جنس، مذہب، معذوری، عائلی صورتِ حال، یا شخص کی آمدنی کا کوئی حصہ پبلک امداد سے آنے کی وجہ سے امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کے ساتھ قومی اصل، یا دوسرے محفوظ سبب سے لون سے انکار کیا گیا ہے تو آپ لون دہندوں سے انکار کی وجوہات کی تحریری وضاحت مانگ سکتے ہیں۔

اگر لون مکان کے رہن، گھر کی مرمت، یا گھر سے متعلق دوسری وجوہات کی بناء پر ہو تو آپ ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ کے 669-9777 (800) پر شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ اگر لون ہاؤسنگ سے الگ کسی اور مقصد سے ہو (جیسے کار لون)، تو آپ ڈویژن کے ہاؤسنگ اینڈ سِوِل انفورسمنٹ سیکشن کے پاس یا پھر فراہم کار کی انضباطی ایجنسی کے پاس شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ اگر آپ کے تجربہ کے مطابق یہ امتیاز متواتر یا معمول کی نوعیت کا تھا تو آپ ہاؤسنگ اینڈ سِوِل انفورسمنٹ سیکشن کو مزید انفارمیشن حاصل کرنے یا شکایت درج کرانے کے لئے 514-4713 (202) پر فون کر سکتے ہیں۔

## پبلک مقامات

- ریسٹورانٹ میں ایشین امریکنوں کا ایک گروپ ایک گھنٹے سے زائد وقت کے لئے سروس کا انتظار کرتا ہے، جب کہ لاٹینو کسٹمروں کے گروپ کو فوری سروس ملتی ہے۔

- ہوٹل کے پیشن امریکن وزیٹروں کو کہا جاتا ہے کہ انہیں کریڈٹ کارڈ کی بجائے نقد ادائگی کرنا ہوگی، ان سے دوسرے خریداروں کے مقابلہ میں زیادہ پیسہ لیا جاتا ہے، اور انہیں ایک جیسی سہولیات، جیسے تولیہ اور صابن وغیرہ نہیں دیا جاتا ہے۔

یہ مثالیں ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہیں جو قومی اصل، نسل، رنگ، یا مذہب کی بناء پر پبلک مقامات پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ پبلک مقامات میں ہوٹل، ریسٹورانٹ، اور تفریح کے مقامات شامل ہیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو کسی پبلک مقام میں داخل ہونے یا اس کے مساوی استفادہ سے روکا گیا ہے اور جہاں امتیاز متواتر یا معمول کے مطابق ہوتا ہے، تو آپ ہاؤسنگ اینڈ سِول انفورسمنٹ سیکشن کو 514-4713 (202) پر فون کرسکتے ہیں۔ یا انہیں Housing and Civil Enforcement Section, P.O. Box 65998, Washington, D.C. 20035-5998. پر لکھ سکتے ہیں۔

## پولیس کی بے ضابطگی

- پولیس افسر ٹریفک کی بعض خلاف ورزیوں کے لئے بار بار ان کاروں کو روک لیتے ہیں جنہیں لاٹینو چلاتے ہوں، لیکن سفید فام ڈرائیوروں کو ان ہی خلاف ورزیوں کے لئے شاذونادر ہی روک لیتے ہیں۔

- ایک پولیس آفیسر ایک ویٹنامی اصل کے آدمی سے سوالات پوچھتے ہوئے غصے میں آجاتا ہے اس لئے کہ وہ آدمی انگریزی نہ جاننے کے سبب جواب نہیں دے پاتا ہے۔ آفیسر اس آدمی کو بے ضابطہ رویہ کے لئے گرفتار کرتا ہے۔

یہ مثالیں یونائیٹڈ سٹیٹس کانسٹی ٹیوشن کے مساوی تحفظ کے دفعات کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ یہ اومنی بس کرائم کنٹرول اینڈ سیف سٹریٹس ایکٹ آف 1968 کی بھی خلاف ورزی ہو سکتی ہیں۔ وہ قانون یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس سے فنڈز لینے والے پولیس ڈیپارٹمنٹ کے ہاتھوں قومی اصل، نسل رنگ، مذہب یا جنس کی بنیاد پر امتیاز سے منع کرتا ہے۔ یہ سول رائٹس ایکٹ آف 1964 کے ٹائٹل VI کی بھی خلاف ورزی ہو سکتے ہیں جو فیڈرل مالی امداد بشمول ترقی شدہ جائداد حاصل کرنے والی نفاذ قانون کی ایجنسیوں کے ہاتھوں امتیاز سے منع کرتا ہے۔

انفرادی امتیاز کی شکایات Coordination and Review Section at P.O. Box 66560, Washington, D.C. 20035-6560 کے پاس درج کرائی جا سکتی ہیں، یا کوآرڈینیشن اینڈ ریویو سیکشن کو 1-888-848-5306 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

انفرادی امتیاز کی شکایات آفس آف جسٹس پروگرامز Office for Civil Rights, Office of Justice Programs, U.S. Department of Justice, Washington, D.C. 20531, کے پاس درج کی جا سکتی ہیں یا آفس آف جسٹس پروگرام سے (202) 307-0690 پر رابطہ کریں۔

سپیشل لٹی گیشن سیکشن ان شکایات کی تفتیش اور مقدمات دائر کرتا ہے جو پولیس ڈیپارٹمنٹ کے قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز برتنے کے عمل کے تواتر اور معمول ہونے کے متعلق ہوں۔ شکایت درج کرنے کے لئے سپیشل لٹی گیشن سے (202) 514-6255 سے رابطہ کریں یا اس پتہ پر لکھیں: Special Litigation Section, P.O. Box 66400, Washington, D.C. 20035-6400.

## اداری سہولیات میں داخل اشخاص کے شہری حقوق

- جیل انگریزی نہ بولنے والے نظر بندوں کے لئے انضباطی پیشیوں کا ترجمہ نہ کرے۔
- کسی سٹیٹ سائکائٹرک ہسپتال کے پاس انگریزی نہ بولنے والوں کے علاج کے ذرائع نہ ہوں۔

یہ مثالیں یونائیٹڈ سٹیٹس کانسٹی ٹیوشن کے مساوی تحفظ کے دفعات کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہیں۔ سپیشل لٹی گیشن سیکشن سٹیٹ یا مقامی سرکاری اداری سہولتوں میں لوگوں کے آئینی حقوق کا تحفظ کرتا ہے جیسے پرزنز، جیل، کم عمر مجرمین کی سہولیات، دماغی امراض کی سہولیات، بالیدگی کی معذوری یا ذہنی تاخیر کی سہولیات، اور نرسنگ ہوم۔ اگر آپ کسی ایسی سہولیت میں رہتے ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ آپ کے ساتھ قومی اصل کی بناء پر متواتر اور معمول کے طور پر امتیاز برتا جاتا ہے، تو سپیشل لٹی گیشن سیکشن سے 514-6255 (202) پر رابطہ کریں۔ یا آپ Special Litigation Section, P.O. Box 66400 Washington, DC 20035-6400 کو خط لکھ سکتے ہیں۔

## فیڈرل امداد پانے والے پروگرام

- ایک مقامی سوشل سروسز ایجنسی کورین میں جاب ٹریننگ یا انفارمیشن فراہم نہیں کرتی ہے، حالانکہ بستی کی ایک چوتھائی سے زیادہ لوگ کورین بولتے ہیں۔
- ٹیکساس رمیکسیکو کی سرحد کے پاس ایک ہسپتال سیکیورٹی عملے کو آئی این ایس کی وردی سے ملتے جلتے کپڑے پہناتا ہے تاکہ لاٹینو لوگ ایمرجنسی کمروں تک آنے سے ڈر جائیں۔
- یہ مثال ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہوسکتی ہے جو فیڈرل فنڈز حاصل کرنے والوں کے ساتھ قومی اصل، نسل یا رنگ کی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی سٹیٹ یا لوکل گورنمنٹ ایجنسی، یا فیڈرل گورنمنٹ سے فنڈز حاصل کرنے والی کسی ایجنسی نے آپ کے ساتھ امتیاز برتا ہے، تو آپ ڈویژن کے کوارڈی نیشن اینڈ ریویو سیکشن کے سے 848-5306 (888) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ یا آپ اس پتہ پر لکھیں: Coordination and Review Section, P.O. Box 66560, Washington, D.C. 20035-6560۔ کوارڈی نیشن اینڈ ریویو سیکشن آپ کی شکایت فیڈرل فنڈنگ ایجنسی کو بھیج دے گا جو امداد پانے والوں کے ساتھ عدم امتیاز کے نفاذ کے لئے بنیادی طور ذمہ دار ہو۔

# ووٹنگ

ایک بڑی سپینش بولنے والی بستی میں ووٹروں کے تقاضہ کے باوجود الیکشن اہل کار سپینش زبان میں الیکشن مواد بشمول رجسٹریشن فارم اور سیمپل بیلٹ مہیا کرنے سے، یا ووٹنگ بوتھوں میں ترجمہ کار ساتھ لانے سے کی اجازت دینے سے انکار کرتے ہیں۔

پولنگ اہل کار ایک سیاہ فام ووٹر سے، جو غیر ملکی لہجہ میں بولتا ہے اور جس کا آخری نام غیر مانوس ہے، امریکن شہریت کا ثبوت پیش کرنے کو کہتا ہے، لیکن دوسرے ووٹروں سے شہریت کا ثبوت نہیں مانگتا ہے۔

الیکشن آفیسر کا رویہ ووٹنگ میں امتیاز کے فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی ہوسکتا ہے۔ ووٹنگ رائٹس ایکٹ قومی اصل کی بناء پر امتیاز سے خصوصی طور منع نہیں کرتے ہیں۔ لیکن ایکٹوں کے تقاضے کسی شہری کے حق رائے دہندگی کو نہ صرف اس کی نسل یا رنگ، بلکہ کسی لسانی گروہ کی رکنیت کی بناء پر محدود یا مسدود کرنے سے منع کرتے ہیں، مزید، یہ ایکٹ بعض حلقہء ہائے اختیار میں تقاضا کرتے ہیں کی الیکشن مواد اور امداد انگریزی کے بغیر دوسری زبانوں میں مہیا کئے جائیں۔

اس کے علاوہ، ووٹنگ رائٹس ایکٹ کا سیکشن 208 نابینائی، معذوری یا پڑھنے لکھنے کے قابل نہ ہونے والوں کو (ایمپلائر یا یونین نمائندے کے بغیر) کسی دوسرے کو مدد کے لئے ساتھ لانے کی اجازت دیتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جو ووٹر انگریزی بیلٹ پیپر پڑھنے کے لئے مدد کا محتاج ہو، وہ دوست یا فیملی کے فرد کو ترجمہ کرنے کے لئے اپنے ساتھ لا سکتا ہے۔ کئی جگہوں پر، الیکشن افسروں کو ووٹر رجسٹریشن، بیلٹ اور اس طرح کی انفارمیشن انگریزی کے علاوہ دوسری زبان (زبانوں) میں بہم پہنچانا ضروری ہے۔ اس میں ووٹروں کو ووٹ دینے کے لئے ترجمہ کار مہیا کرنا شامل ہوسکتا ہے۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ ووٹ دینے میں آپ کے ساتھ امتیاز برتا گیا ہے یا ووٹ ڈالنے میں آپ کو مدد دینے سے انکار کیا گیا ہے، تو آپ 253-3931 (800) پر ڈویژن کے ووٹنگ سیکشن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں ,Voting Section, P.O. Box 66128 Washington, DC 20035-6128 پتہ پر لکھ بھی سکتے ہیں۔

نوٹ:
جب آپ اس کتابچہ میں درج کسی بھی دفتر کو فون کریں، فون کا جواب انگریزی میں آئے گا۔ اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو تو آپریٹر کو اپنی زبان بتائیں۔ آپریٹر آپ کو ہولڈ کرائے گا جب تک مترجم مل جائے۔ برائے مہربانی فون نہ چھوڑ دیں۔

معذوروں کے لئے یہ دستاویز موٹے حروف میں، آڈیو ٹیپ، کمپیوٹر ڈسک، اور بریل میں دستیاب ہوگی۔

برائے مہربانی بخوشی یہ کتابچہ نقل کریں۔

# Federal Protections Against National Origin Discrimination

**Urdu**

**http://www.usdoj.gov/crt**